امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز جمعہ 30 اکتوبر 2026 / 18 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 204

فیلڈ مارشل خط دے کر کیلئے تہران گئے میری موجودگی ضروری نہ تھی، خواجہ آصف

مجھے طعنہ دیتے ہیں کچھ شرم کرو ، حیا کرو، آپ بھی تو کچھ شرم کریں ، حیا کریں، آپ کون سا آب زم زم سے دھلے ہیں

یہاں کسی پارٹی نے مذہب کو کمائی کا ذریعہ نہیں بنایا، انہوں نے مذہب کے نام پر کمائیاں کی ہوئی ہیں ،وزیر دفاع



اسلام آباد: وزیر دفاع خواجہ محمد آصف قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں—وزیر دفاع نے کہا کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر تمام سیاسی جماعتوں کو علاقائی امن واستحکام کے لیے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے مثبت کردار کو تسلیم کرنا چاہیے

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر خط میں صلح اور بات چیت کیلئے تہران گئے، ایران میں میری موجودگی ضروری نہ تھی، وہاں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا، مولانا فضل الرحمان جب مجھے شرم کرنے کا کہتے ہیں تو خود بھی سوچ لیا کریں، یہاں کسی پارٹی نے مذہب کو کمائی کا ذریعہ نہیں بنایا، انہوں نے مذہب کے نام پر کمائیاں کی ہوئی ہیں۔ جمعرات کو قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ حکمران ہوں یا دیگر، تمام سوالات کا مکمل احترام کرتا ہوں، مولانا فضل

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستا

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

ریاست مخالف باتوں کے بعد اب فضل الرحمان کی کوئی عزت نہیں رہی، محسن نقوی

میرے اوپر اعتراض کیا کہ میں کیوں گیا تھا تو وہ دفاعی معاہدہ نہیں تھا، ایران کا جو دورہ تھا وہ کسی صورت دفاعی معاہدے کے لیے نہیں تھا،

مولانا نے کہا میں ریاست پر تھوکتا ہوں، مال ملے تو ریاست ان کی ماں ہے اور نہ ملے تو ریاست پر تھوک دو، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ میں مولانا فضل الرحمان کی بہت عزت کرتا تھا، ریاست مخالف باتیں کرنے کیبعد میرے دل میں ان کی کوئی عزت نہیں رہی، اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملے گی۔ سینیٹ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پچھلے کچھ عرصے سے میرے خلاف مہم چل رہی رہی، کہا گیا کہ ہم ایران کو کوئی دفاعی معاہدہ کرنے گئے تھے، ہم دفاعی معاہدہ کرنے نہیں موجودہ بحران کے سلسلے میں گئے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر دفاع سے سوال کیا گیا ان کے علم میں نہیں تھا، ان کو اس لئے علم

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح طامی الشمی وفاقی وزیر برائے خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات کر رہے ہیں

ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں کے مطابق ڈھالا جائے، وزیر اعظم

ہوائی اڈوں پر کام کرنے والے مختلف اداروں کے درمیان روابط کو مزید مؤثر بنایا جائے ایئرپورٹ کے افسران و عملے کو اعلیٰ سروس ڈلیوری کی باقاعدہ تربیت دی جائے

وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس، لاہور، کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری، ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملک کے بڑے ہوائی اڈوں پر مسافروں کو عالمی معیار کی سفری سہولیات فراہم کرنے کے لئے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کئے جائیں اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا کوئی کمبھوتہ نہ کیا جائے، انہوں نے مسافروں کی سہولت کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور متعلقہ اداروں کے درمیان روابط بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم کی زیر صدارت جعمرات کو اسلام آباد میں ملک کے بڑے

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لئے معطل

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لئے معطل کر دی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس جعمرات

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف پاکستانی ہوائی اڈوں پر خدمات کی بہتری کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھی جائیں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاست کا عزم غیر متزلزل رہے گا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن دشمن

(بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

صوبے کی تاریخ کی پہلی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 18 نومبر کو ہوگی

ایگزیکٹو بورڈ کا مقصد نوجوانوں کو روزگار کے متلاشی کے بجائے فراہم کرنے والا بنانا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مقامی مصنوعات کو قومی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ایک اہم پیش رفت کے طور پر بلوچستان سرمایہ کاری

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)



بیجنگ: چیئرمین پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام رانا مشہود حیات اینڈ روڈ انیشیٹو انٹرنیشنل انڈسٹریل۔ ایجوکیشنل کوآپریشن فورم اور CACIE میں شریک ہیں

تعلیم پر سرمایہ کاری دراصل پورے خطے کی خوشحالی پر سرمایہ کاری ہے، گورنر بلوچستان

ثروب ڈویژن کو 'ہب آف ماڈرن ایجوکیشن' بنانا میرا خواب ہے، تعلیم تک آسان اور سستی رسائی فراہم کر کے نوجوانوں کی ترقی کے نئے راستے کھول رہے ہیں

تعلیم تک رسائی آسان اور سستا بنانے سے نوجوانوں کیلئے ترقی کے نئے دروازے کھلتے ہیں، ثروب میں جلد ایک جدید، مکمل یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ الحمدللہ! آج ہمارے لیے دو بڑی خوشخبر یاں باعثِ مسرت و افتخار ہیں۔ پہلی خوشخبری یہ ہے کہ پاکستان بھر میں سخت مقابلہ کے نتیجے میں بیوٹمز یونیورسٹی ثروب کیمپس کے دو ہونہار طلبہ ثناء اللہ اور محمد اخلاص نے کمپیوٹر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کیلئے آٹانومس ریجن فل فنڈڈ اسکالرشپ حاصل کر لی ہے۔ دونوں طلبہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور سائبر سیکیورٹی کے شعبوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے چائنا جائینگے۔ دوسری بڑی خوشخبری یہ ہے کہ بیوٹمز ثروب کیمپس کے 14 طلبہ نے پبلک سروس

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت دفتر خارجہ میں خارجہ پالیسی ترجیحات اور جاری سفارتی روابط سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس، اجلاس میں علاقائی و عالمی امور، آئندہ اعلیٰ سطحی مصروفیات اور دوطرفہ کثیر الجہتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا

ایران کی پاسداران انقلاب کا آبنائے ہرمز پر امریکی ایم کیو ون ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ

امریکا کی امن مذاکرات بحال کرنے کی کوشش، جے ڈی وینس کا ایرانی عہدیدار کو خط

تہران، واشنگٹن (اے این این) ایران کی پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں امریکی ایم کیو ون (MQ-1) ڈرون کو روک کر تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی نیوز ایجنسی ارنا کے مطابق ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی ویب سائٹ پر جمعرات کو جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈرون کو فورس کے ایروا سپیس ڈویژن نے ایران کے مربوط فضائی دفاعی نیٹ ورک کے تحت کام کرنے والے جدید فضائی دفاعی نظام کی مدد سے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

مستعفی ہونے والے جسٹس محسن اختر کیانی کا نان ونفقہ سے متعلق اہم فیصلہ جاری

لاہور ہائیکورٹ کا محسن بچوں کا ماہانہ خرچہ 20 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزار روپے فی بچہ مقرر کرنے کا حکم

لاہور (اے این این) لاہور ہائیکورٹ نے محسن بچوں کا ماہانہ خرچہ 20 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزار روپے فی بچہ مقرر کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے مستعفی ہونے والے جسٹس محسن اختر کیانی نے محسن بچوں کے ماہانہ خرچ سے متعلق خاتون کی درخواست پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں محسن بچوں کا ماہانہ خرچہ 20 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزار روپے فی بچہ مقرر کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ بچوں کے خرچے میں سالانہ 10 فیصد اضافہ

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

خواتین کی گرفتاری سے تلخی اور تناؤ بڑھ رہا ہے، بیرسٹر گوہر

نورین بی بی کی طبیعت خراب ہونے پر تشویش ہے، انہیں فی الفور رہا کیا جائے، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی گرفتاری سے تلخی اور تناؤ بڑھ رہا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ نورین بی بی کی طبیعت خراب ہونے پر تشویش ہے، انہیں فی الفور رہا کیا جائے، بانی پی ٹی آئی کی دونوں بہنوں کو بھی رہا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر سیاسی خواتین کو

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن قابلِ تحسین ہے، بابر یوسفزئی

بلوچستان میں قیامِ امن اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابلِ قدر ہیں

کوئٹہ (اے این این) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کیے گئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں قیامِ امن، دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابلِ قدر ہیں۔ اپنے ایک بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

آپ فرعون سے طاقتور نہیں وہ بھی ہار گیا تھا، ملک ایسے نہیں چل سکتا، محمود خان اچکزئی

فقط چیخ و پکار اور گالیاں دینے سے کچھ نہیں ہوگا آپ بتائیں ایران میں کیا ہو رہا ہے، ہمیں اعتماد میں لیں، چیئرمین پشتونخوا میپ

خواجہ آصف، پیپلز پارٹی سمیت آپ سب سن رہے ہیں اس ایوان کو اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (اے این این) اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ آپ سے جب بات کرتے ہیں آپ گالیاں دینا شروع ہو جاتے ہیں، حنیف عباسی کعبہ شریف گئے ہیں بتائیں کتنے پیسے دیئے ووٹ کیلئے؟ میں نے مطالبہ کیا تھا کہ اس حکومت میں کتنی کرپشن ہوئی ایک کمیٹی بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ خواجہ آصف، پیپلز پارٹی سمیت آپ سب سن رہے ہیں اس ایوان کو اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکا اور اسرائیل ایران پر بڑے حملوں کی تیاری کر رہے ہیں، امریکی میڈیا

ایران پر نئے حملوں کی حکمتِ عملی پر اسرائیلی آرمی چیف کا امریکی کمانڈر سے رابطہ

واشنگٹن (اے این این) امریکا و اسرائیل معاہدہ نہ ہونے پر ایران پر ایک ہفتہ طویل فوجی کارروائی کر سکتے ہیں۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس کی رپورٹ کے مطابق امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی کی تیاریوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جن کے مطابق وسط مدتی انتخابات کے بعد بھی معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں ایران پر ایک ہفتے تک حملے کیے جا سکتے ہیں۔ ممکنہ فوجی کارروائی میں ایرانی قیادت، توانائی کے شعبے اور جوہری تنصیبات کو نشانہ بنائے جانے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اسرائیلی آرمی چیف ایال زمیر اور امریکی کمانڈر بریڈ کوپر کے درمیان حملوں کی تیاریوں کے حوالے سے رابطہ بھی ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مجوزہ کارروائی کا انحصار امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کی صورت حال پر ہوگا، جبکہ امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں فوجی کارروائی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ دوسری جانب پاکستان،

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

اے آئی پالیسی پر عمل درآمد میں تاخیر، ڈیٹا سینٹرز تاحال قائم نہ ہو سکے

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) پالیسی کا پینہ سے منظوری کے باوجود تاحال عملی مرحلے میں داخل نہیں ہو سکی، جبکہ پالیسی کے تحت اے آئی کونسل کا قیام اور ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر بھی مالی وسائل کی کمی کے باعث تعطل کا شکار ہے۔ وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مطابق اے آئی پالیسی پر عمل درآمد جون 2027 تک شروع ہونے کا امکان ہے، تاہم اس کے لیے درکار فنڈز کی دستیابی ضروری ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پالیسی کی منظوری کو تقریباً ڈیڑھ سال گزرنے کے باوجود اس کے تحت مجوزہ اے آئی کونسل قائم نہیں ہو

(بقیہ 20 نمبر اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں گیس پریشر غائب، سردی میں شہری پریشان، بھاری بلوں نے مشکلات بڑھا دیں

کوئٹہ شہر کے گردونواح میں گیس کی فراہمی متاثر، گیس انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالات

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس پریشر نہ ہونے کے باعث شہریوں کو سردی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جیل روڈ، ہدہ اور ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے، جس کے باعث گھریلو صارفین کو روزمرہ امور کی انجام دہی میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے گیس کمپنی کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ لاکھوں روپے تنخواہیں لینے والے افسران شہریوں کے مسائل حل کرنے کے بجائے دفاتر تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک جانب گھروں میں گیس کی فراہمی متاثر ہے تو دوسری جانب صارفین کو بھاری بل بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ شہریوں نے شکایت کی کہ گیس پریشر میں کمی کے باعث کھانا پکانے سمیت گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہو گیا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے مسئلے کے حل کے لیے مؤثر اقدامات دکھائی نہیں دے رہے۔ بیان میں صوبائی

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

سکول کے سائنس لیب میں پریکٹیکل کے دوران بیٹری پھٹنے سے استاد اور 10 طلبا زخمی

تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر، ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال سے ڈسچارج، مقامی انتظامیہ نے تحقیقات شروع کر دیں

دالبندین (یو این اے) ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں واقع ایک سرکاری اسکول کی سائنس لیبارٹری میں پریکٹیکل کے دوران اچانک بیٹری پھٹنے سے شدید دھماکہ ہوا، جس کے نتیجے میں معلم سمیت 10 طلبا زخمی ہو گئے۔ ہسپتال ذرائع اور اسکول انتظامیہ کے مطابق سائنس ٹیچر لیبارٹری میں طلبا کو کیمیائی مادوں کے تعامل اور آکسیجن سے متعلق عملی پریکٹیکل کروا رہے تھے کہ اس دوران کیمیائی عمل کے باعث بیٹری ناگہانی طور پر پھٹ گیا۔ واقعے کے نتیجے میں کلاس روم میں موجود 10 طلبا اور ان کے استاد زخمی ہو گئے۔ حادثے کے فوراً بعد تمام زخمیوں کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں بروقت طبی امداد فراہم کی۔ ہسپتال ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ تمام زخمیوں کی حالت بفضلِ خدا خطرے سے باہر ہے اور ابتدائی طبی امداد کی فراہمی کے بعد انہیں ہسپتال سے گھروں کو ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔ دوسری

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان کو مشکلات کا سامنا، وزیر داخلہ آئین ہاؤس کو بریف کریں، بلاول بھٹو زرداری

اپوزیشن کو فعال کردار کی ذمے داری اٹھانا پڑے گی، آپ نے فنانس کمیٹی میں نہیں بیٹھنا، اس سے پارلیمان کے کردار میں کمزوری ہوئی

اپوزیشن سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ کے پاس جو طاقت ہے آپ اسے استعمال کرنا شروع کریں، بلاول بھٹو کا اپوزیشن کو انتخابی اصلاحات کے عمل کا حصہ بننے کا مشورہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے، وزیر داخلہ آئین اور اس ہاؤس کو بریف کریں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اپوزیشن سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ کے پاس جو طاقت ہے آپ اسے استعمال کرنا شروع کریں۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ اپوزیشن کو

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر و چیئرمین پشتونخوا میپ محمود خان اچکزئی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

ٹریژری بلوں کی نیلامی سے 1913.2 ارب روپے حاصل ہوئے، سٹیٹ بینک

اسلام آباد (یو این اے) سٹیٹ بینک کے ٹریژری بلوں کی نیلامی کے ذریعے حکومت نے 1913.2 ارب روپے حاصل کر لیے، نیلامی کے لیے 1650 ارب روپے کے حصول کا ہدف مقرر کیا گیا تھا۔ ایس بی پی کے مطابق نیلامی کے ذریعے مقررہ ہدف سے 263.2 ارب روپے زیادہ حاصل ہوئے، ایک ماہ، تین ماہ، چھ ماہ اور بارہ ماہ کی مدت کے ٹریژری بلوں پر منافع کی شرح میں 25.1 بیسس پوائنٹس سے لے کر 60.5 بیسس پوائنٹس تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایک ماہ کی مدت کے ٹریژری بلوں کی نیلامی سے 541 ارب روپے، تین ماہ کے ٹریژری بلوں سے 879.1 ارب روپے، چھ ماہ کے ٹریژری

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان ہائیکورٹ کا ہزارہ ٹاؤن اور ہزار گنجی میں پانی کی عدم فراہمی پر ہائی کورٹ سخت تشویش کا شکار

متعلقہ حکام کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کا ہزارہ ٹاؤن اور ہزار گنجی میں پینے کے پانی کی عدم فراہمی کا نوٹس، متعلقہ حکام کو ذاتی طور پر پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کو مقررہ نرخوں پر معیاری اشیاء کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، عزیز کاکڑ

چمن انتظامیہ کی جانب سے بازاروں میں اشیائے خورد ونوش کے نرخوں اور معیار کی جانچ پڑتال

چمن (خ ن) ضلعی انتظامیہ چمن کی جانب سے عوام کو معیاری اشیائے خورد ونوش کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر سٹی چمن عزیز اللہ خان کاکڑ اور تحصیلدار احمد خان نے آج چمن شہر کے مختلف بازاروں اور تجارتی مراکز کا دورہ

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

صدرِ مملکت کا پاک ترک تاریخی شراکت داری مزید مستحکم بنانے پر زور

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ہپاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے مابین تزویراتی تعاون کے فروغ میں بھی معاون ہوگا

پاکستان اور ترکیہ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھائیں گے، جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی سالگرہ پر ترک ہم منصب کے نام خط

اسلام آباد (اے این این) صدرِ مملکت آصف زرداری نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی شراکت داری مزید مستحکم بنانے پر زور دیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی سالگرہ پر ترک صدر رجب طیب اردوان کے نام خط میں صدر زرداری نے کہا کہ ترکیہ نے ایک صدی کے دوران نمایاں پیشرفت کی ہے۔ صدرِ مملکت کا کہنا ہے کہ ترکیہ نے اداروں کو مضبوط اور اقتصادی ترقی کو فروغ دے کر علاقائی و عالمی امور میں اپنے مقام اور کردار میں اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھائیں گے، دونوں ملکوں کے درمیان مشترکہ تاریخ، عقیدے اور اقدار پر مبنی دیرینہ روابط ہیں۔ صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ مشکل وقت میں ترک قیادت، عوام کی حمایت اور یکجہتی کے اظہار کی قدر کرتے ہیں۔ صدرِ مملکت کا کہنا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے دوطرفہ اور سہ فریقی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا، یہ دفاعی معاہدہ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی قابلِ تحسین ہے، ضیاء لانگو

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں صوبے میں امن و امان کے قیام اور امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے ناگزیر ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں صوبے میں امن و استحکام برقرار رکھنے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاست کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اداروں کی کوششیں قابلِ تحسین ہیں، جو عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہے ہیں۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، علی حسن زہری

میر علی حسن زہری کا دورہ حب، پارٹی کارکنوں اور عوام سے ملاقاتیں، عوام کی شکایات اور مسائل توجہ سے سنے

حب (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری زہری فارم ہاؤس پہنچ گئے جہاں انہوں نے مختلف علاقوں سے آنے والے عوام اور پارٹی کارکنوں سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر عوام نے انہیں اپنے مسائل، مشکلات اور بنیادی ضروریات سے آگاہ کیا، جبکہ پارٹی کارکنوں کے ساتھ تنظیمی امور، عوامی رابطوں اور علاقائی مسائل پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ میر علی حسن زہری نے عوام کی شکایات اور مسائل توجہ سے سنے اور بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی اقدامات کیے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور لوگوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھی جائے گی۔ ان ملاقاتوں کا بنیادی مقصد عوام سے براہِ راست رابطہ برقرار رکھنا، ان کی مشکلات

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
ETLA-E-AAM
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2453865 ، 081-2820055
کنٹرولر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

پٹرولیم لیوی پر کمیٹی کا قیام

پٹرولیم لیوی کے مسئلے پر وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان چھ رکنی مشترکہ کمیٹی کے قیام پر اتفاق ہو گیا ہے۔ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں جماعت اسلامی کے وفد نے ملاقات کی جس میں یہ اتفاق رائے ہوا۔ حکومت اور جماعت اسلامی کے تین، تین اراکین پر مشتمل کمیٹی عوام کیلئے پٹرول پر جاری ریلیف سکیم کا دائرہ کار بڑھانے کے علاوہ پٹرولیم لیوی میں مرحلہ وار کمی کے لئے قابل عمل تجاویز سے متعلق حتمی سفارشات ترتیب دے گی تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جا سکے۔ وزیراعظم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے جماعت اسلامی کی طرف سے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنے پر وفد کا شکریہ ادا کیا۔ وفد نے پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کی ریلیف بارے اپنے موقف کا اظہار کیا۔ ملک میں جمہوریت کا حسن اور سیاسی پختگی کی بڑی علامت یہ ہے کہ تمام درپیش قومی وعوامی مسائل کا حل تصادم، دھرنوں، ہڑتالوں اور سڑکوں پر احتجاج کے بجائے مذاکرات کی میز پر تلاش کیا جائے۔ پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی سڑکوں کو میدانِ جنگ بنایا گیا، نہ صرف معاشی نقصان ہوا بلکہ آئینی ڈھانچہ بھی کمزور ہوا۔ اِس پس منظر میں وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے اہم اور حساس معاملے پر ہونے والی ملاقات اور اس کے نتیجے میں چھ رکنی مشترکہ کمیٹی کے قیام کو سیاسی تدبر کا بہترین مظاہرہ قرار دیا جائے گا۔ حکومت کی طرف سے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ جبکہ جماعت اسلامی کی جانب سے سینئر رہنما لیاقت بلوچ، سید فراست شاہ، نصر اللہ زندھاوا اور جناب عنایت اللہ کو کمیٹی میں نامزد کیا گیا ہے۔ آج کا پاکستان جن معاشی چیلنجوں، قرضوں کے بوجھ اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں (آئی ایم ایف) کی سخت شرائط سے نبرد آزما ہے، اس میں ملک مزید کسی ہڑتال، لانگ مارچ یا پہیہ جام احتجاج کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ احتجاج کرنا جمہوری معاشروں میں اپوزیشن کا آئینی اور قانونی حق ہے، لیکن ایک ذمہ دار سیاسی جماعت کا فرض ہوتا ہے کہ وہ قومی مفاد کو ذاتی یا حزبی ترجیحات پر فوقیت دے۔ وفاقی حکومت اور بالخصوص وزیراعظم شہباز شریف کا جماعت اسلامی کے وفد کا خیر مقدم کرنا اور اُن کے خدشات کو سُن کر عملی قدم اٹھانا بھی قابل تحسین ہے۔ وزیراعظم نے بالکل بجا فرمایا کہ حکومت اپنی موجودہ مالی استعداد کے دائرے میں رہتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی کوشش کر رہی ہے۔ یہ بات سچ ہے کہ ایک طرف بین الاقوامی ادائیگیوں اور بجٹ خسارے کو پورا کرنے کی مجبوری کا سامنا ہے تو دوسری طرف مہنگائی کی چکی میں پستے ہوئے عوام کی دادرسی بھی ضروری ہے۔ پٹرولیم لیوی ایک ایسا مسئلہ ہے جو براہِ راست ملک کے ہر شہری کی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ جب پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو اس کے اثرات محض گاڑیوں کے ایندھن تک محدود نہیں رہتے بلکہ کرایوں کے علاوہ روٹی، سبزی، ادویات اور دیگر تمام بنیادی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بھی خود بخود کا رطریقے سے اضافہ ہو جاتا ہے۔ اِس وقت ملک میں غریب اور درمیانہ طبقہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہے۔ ایسے میں حکومت اور جماعت اسلامی کی کمیٹی کے سامنے دو اہم نکات رکھے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ عوام کے لئے پٹرول پر جاری ریلیف سکیم کا دائرہ کار وسیع کیا جائے تاکہ مستحقین اور دیہاڑی دار طبقے کو براہِ راست فائدہ پہنچ سکے۔ دوسرا آنے والے بجٹ میں پٹرولیم لیوی کو مرحلہ وار اور منظم انداز میں کم کرنے کی قابل عمل تجاویز پیش کی جائیں۔ مشترکہ کمیٹی اِن دو نکات پر دیانتداری، پیشہ ورانہ مہارت اور معاشی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے سفارشات تیار کرتی ہے تو عوام کو ایک بڑا اور محسوس ہونے والا ریلیف مل سکتا ہے۔ پٹرولیم لیوی میں یکمشت کمی شاید معاشی حدود و قیود اور آئی ایم ایف کی پابندیوں کے باعث ممکن نہ ہو، لیکن مرحلہ وار کمی اور ہدف شدہ اقدامات کے ذریعے کم از کم، کم آمدنی والے طبقے کو خصوصی رعایت دی جا سکتی ہے۔ کمیٹی کے اراکین، جن میں معاشی اور سیاسی امور کے ماہرین شامل ہیں، یقیناً کوئی ایسا راستہ نکالنے میں کامیاب ہو جائیں گے جس سے حکومت کی مالیات پر بھی لاتعنا ہی بوجھ نہ پڑے اور عوام کو بھی سُکھ کا سانس مل سکے۔ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کے لئے اِس ملاقات کا سبق یہی ہے کہ ”مذاکرات ہی مسائل کا پائیدار حل ہیں“۔ لہٰذا جماعت اسلامی اور حکومت کے اِس ماڈل کو ہر سطح پر اپنانے کی شدید ضرورت ہے۔

وزیراعظم صاحب! خیبر پختونخوا میں کچھ کر کے دکھائیں!

سیاسی کشیدگی اور اس سے جڑی عوامی مشکلات پر ایوان اقتدار نے گورنر راج اور ایمرجنسی لگا کر پاکستان تحریک انصاف کی صوبائی حکومت کو برطرف کیا، 20 دن گزر گئے ہیں۔ غریب عوام کے لیے

ڈاکٹر محمود صادق عابد

صوبائی مشیر اطلاعات کا یہ بیان کافی ہے کہ وزیراعلیٰ اور سپیکر محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔ درحقیقت پورا ملک ہی اس وقت ان محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ فیصلے کی نوعیت، حیثیت یا پھر طریقہ کار کو زیر بحث نہ لاتے ہوئے صرف اور صرف ایک چیز پر توجہ مرکوز رکھتے ہیں کہ کیا وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر کچھ کر پائیں گے یا نہیں؟

بلاشبہ سیاسی اور سیکیورٹی اعتبار سے یہ ایک بڑی تبدیلی ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا اب وفاقی حکومت ایک دیرپا امن دے پائے گی؟ کیا عوام کو ترقی نظر آئے گی؟ عوام کا اعتماد بحال ہو پائے گا؟ قانون کی پاسداری اور عام شخص کی زندگی میں بہتری کی توقع ہو گی یا نہیں؟

سب سے اہم بات یہ بھی ہے کہ صوبے کے انتظامی امور جس طریقے سے چلائے جاتے ہیں اس میں قانونی معاملات مستقبل میں کس حد تک ناقص الحمل رہتے ہیں؟ وفاقی حکومت نے سیکیورٹی اور انتظامی کمزوریوں کو ان حالات کی بڑی اور بنیادی وجوہات قرار دیا ہے، اس کے ساتھ جو امید وفاقی حکومت کی طرف سے عوام کو دی گئی ہے اور جس ٹرک کی بتی کے پیچھے صوبے کے عوام کو لگایا گیا ہے وہ کیا کبھی حقیقت کا روپ دھار پائے گی یا پھر ہمیشہ کی طرح چناتی کرامات کا انتظار ہی عوام کا مقدر رہ جائے گا؟ معاملات کی سنگینی کو جس مرتبی زاویے سے دیکھ لیں ایک ثبت حل تین بنیادی ستونوں پر کھڑا ہے جن میں سیکیورٹی، انتظامیہ اور ترقی شامل ہے اور یہ تینوں ستون سیاسی مصالحت، عوام کے اعتماد اور اداروں کی اصلاحات پر کھڑے نظر آتے ہیں۔

ایک بنیادی سوال یہ بھی ہے صوبے کے مسائل کی اصل نوعیت سیکیورٹی ہے یا انتظامی یا پھر دونوں اور ان کو علیحدہ نہیں کیا جا سکتا؟ صوبے کی سرحدیں صوبائی امن اور حالات پر پہلی افغان جنگ سے اثر ڈالتی آ رہی ہیں جو اب 47 سال میں ایک درشن بن چکا ہے۔

اندرونی زمینی حقائق یہ ہیں کہ خیبر پختونخوا میں موجود بے شمار علاقوں اور خاص طور پر بارہ اضلاع میں سکیورٹی انتظامی امور ابھی تک نہ ہونے کے برابر چل رہے ہیں۔ اس ایمرجنسی اور گورنر راج کی وجہ سے خیبر پختونخوا کا صرف ایک مسئلہ جو وفاق اور صوبے کے درمیان ایک لگاتار کشمکش تھی وہ ختم ہوا ہے۔ باقی تمام مسائل جوں کے توں کھڑے اور فوری طور پر حل طلب ہیں۔ ایمرجنسی صرف مسائل کو حل میں مدد دے گی نا کہ حل ثابت ہو گی۔ امن، اعتماد اور ترقی تب ہو گی جب جانوں کے ضیاع، جملوں کی تعداد اور واقعات میں کمی نقل و حرکت کے ذرائع پر حملوں میں کمی اور وہ تمام زمینی حقائق نظر آئیں گے جو حالات کی بہتری کی طرف اشارہ کریں گے۔

سیکیورٹی جائزہ ایک لگاتار عمل ہے جو پچھلے 47 سال سے صوبے میں چل رہا ہے۔ ہمیں پتہ ہے کہ پولیس اور دہشت گردی کے مجلے کو جس طرح مضبوط بنانا ہے اور اس کے لیے جیسے تجربہ اور صلاحیت سب موجود ہیں اس پر فوری عمل کی ضرورت ہے۔ انسداد دہشت گردی کی ایک حکمت عملی موجود اور نافذ العمل بھی ہے۔ کچھ بدلے حالات میں صرف اس میں معمولی تبدیلی کی ضرورت ہے۔ اصل مسئلہ اس صوبے کی سرحدی حرکیات و ماحول کو جانچنا ہے۔ پاکستان افغانستان کی سرحدی سکیورٹی اور متحرکیات ہمیشہ سے امن پر اثر انداز ہیں اور مستقبل میں بھی ڈالیں گی۔ اس وقت صوبے میں ہم نے منصوبے سوچے جائیں ان کی ضرورت شفافیت اور عوامی فائدہ کے لیے وہاں کی عوام کو شامل کرنا ضروری ہے۔ کہ اگلے تین سے چھ ماہ کو ایک غیر معمولی چیلنج کے طور پر قبول کرنا پڑے گا۔ کیا آپ اس کے لیے تیار ہیں؟ کیا آپ کے پاس ایک واضح حکمت عملی اور پیشہ وارانہ صلاحیت موجود ہے؟

ہم سب پاکستانیوں کی طرح خیبر پختونخوا کے عوام اور خاص طور پر ان 12 اضلاع کے رہائشی افراد کو اپنے وسائل کی حفاظت اور فیصلے کرنے کا حق حاصل ہے جس کی پوری پاسداری کرنا ہو گی۔ بقول وزیراعظم خیبر پختونخوا ایک نازک موڑ پر کھڑا ہے۔ چلیں ہفتے میں دو دن دفتر پشاور لگا لیں۔ ترقی کا ملکی رخ اگلے تین سے چھ ماہ اس صوبے کی طرف موڑ دیتے ہیں جس نے دہشت گردی کے خلاف پچھلے 47 سال میں سب سے زیادہ جانی اور مالی قربانیاں دی ہیں۔

بگڑی ہوئی امن و امان کی یہ صورتحال عوام کے اندر پائے جانے والے خدشات اور وفاقی حکومت سے وابستہ توقعات نے میاں شہباز شریف کے سامنے ایک کڑا امتحان کھڑا کر دیا ہے۔ یہ محض ایک انتظامی مدت نہیں بلکہ اپنی صلاحیتوں کو ثابت کرنے اور عوام کا اعتماد بحال کرنے کا موقع ہے۔ الزام تراشی اور سیاسی شعبدہ بازی کو اگلے تین سے چھ ماہ تک دفن کر دیں اور کچھ کر کے دکھائیں۔ خدا را عوام منتظر ہیں۔

تہران میں چار مسلم ممالک کی بیٹھک، خوش آئند

ریاض احمد چوہدری

تہران میں چار بڑے مسلم ممالک کا اہم اجلاس اتحاد امت، خطے میں امن و سلامتی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ تہران میں ہونے والی یہ اہم نشست امت مسلمہ کے اتحاد اور یکجہتی کے خواہاں حلقوں کے لیے خوشی اور امید کا پیغام ہے۔ مسلم ممالک کے درمیان اتحاد، باہمی اعتماد اور مشترکہ حکمت عملی کے فروغ کے لیے ایسی کوششیں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ ایران کی نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سربراہ محسن رضائی ثالثی کی کوششوں کی حمایت کرنا خوش آئند ہے۔ اجلاس کے خاتمے کے بعد ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے ’اس اجلاس میں اہم اور مؤثر اسلامی ممالک پر زور دیا کہ وہ ’ایک ساتھ کھڑے ہوں اور مشترکہ و مربوط مؤقف اختیار کریں۔‘ ’مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں اور انہیں مسلم ممالک کو نشانہ بنانے والی دھمکیوں اور اقدامات کے مقابلے میں متحد ہو کر ایک صف میں کھڑا ہونا چاہیے۔‘ انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ مسلم دنیا کو درپیش چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اتحاد اور یکجہتی ناگزیر ہے۔

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے خاتمے کیلئے سفارتی کوششوں اور امریکا ایران مذاکرات میں پیشرفت کی امید کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں دوسرے روز بھی کمی ریکارڈ کی گئی۔ مشرق وسطیٰ میں امن کی کوششوں کیلئے ایران میں چار ملکی بیٹھک کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کی آنا شروع ہوگئی۔ برینٹ خام تیل کی قیمت جو گزشتہ ہفتے 117 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی تھی اب دوسرے روز بھی کمی کے بعد 114.85 ڈالر فی بیرل پر آ گئی ہے۔ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کی قیمت گزشتہ ہفتے 103 ڈالر پر پہنچ گئی تھی وہ بھی اب کم ہو کر 100.87 ڈالر فی بیرل پر آ گئی ہے۔ تہران میں سعودی عرب، ترکیہ، ایران اور پاکستان کے حکام کی جنگ کے خاتمے کیلئے ملاقاتوں کے باعث تیل کی قیمتوں پر دباؤ دیکھا گیا۔ سعودی عرب کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حوثی حملوں اور آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں پر ایرانی حملوں کی اطلاعات نے خام تیل کی رسد متاثر ہونے کے خدشات برقرار رکھے ہیں، جس سے قیمتوں میں مزید کمی محدود رہی۔ مغربی ایشیا میں نئی سفارتی کوششوں سے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات میں ممکنہ پیش رفت کی امید پیدا ہوئی ہے جس کے باعث نکی ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں کمی سامنے آ رہی ہے۔

علاقائی ممالک کے درمیان تعاون، بشمول خطے میں امن اور سیکیورٹی، کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ڈائیلاگ (مکالمے) کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کے نمائندوں کا ایرانی دارالحکومت تہران کا دورہ ’موجودہ بحران کے فریقین کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے رکن ممالک کی جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ ان کوششوں کا مقصد مذاکرات اور سفارتی حل کی حوصلہ افزائی کرنا اور ریاستِ قطر اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے اس کی جانے والی ثالثی کی کوششوں کی حمایت کرنا ہے۔ اجلاس کے خاتمے کے بعد ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے ’اس اجلاس میں اہم اور مؤثر اسلامی ممالک پر زور دیا کہ وہ ’ایک ساتھ کھڑے ہوں اور مشترکہ و مربوط مؤقف اختیار کریں۔‘ ’مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں اور انہیں مسلم ممالک کو نشانہ بنانے والی دھمکیوں اور اقدامات کے مقابلے میں متحد ہو کر ایک صف میں کھڑا ہونا چاہیے۔‘ انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ مسلم دنیا کو درپیش چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اتحاد اور یکجہتی ناگزیر ہے۔

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے خاتمے کیلئے سفارتی کوششوں اور امریکا ایران مذاکرات میں پیشرفت کی امید کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں دوسرے روز بھی کمی ریکارڈ کی گئی۔ مشرق وسطیٰ میں امن کی کوششوں کیلئے ایران میں چار ملکی بیٹھک کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا آنا شروع ہوگئی۔ برینٹ خام تیل کی قیمت جو گزشتہ ہفتے 117 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی تھی اب دوسرے روز بھی کمی کے بعد 114.85 ڈالر فی بیرل پر آ گئی ہے۔ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کی قیمت گزشتہ ہفتے 103 ڈالر پر پہنچ گئی تھی وہ بھی اب کم ہو کر 100.87 ڈالر فی بیرل پر آ گئی ہے۔ تہران میں سعودی عرب، ترکیہ، ایران اور پاکستان کے حکام کی جنگ کے خاتمے کیلئے ملاقاتوں کے باعث تیل کی قیمتوں پر دباؤ دیکھا گیا۔ سعودی عرب کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حوثی حملوں اور آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں پر ایرانی حملوں کی اطلاعات نے خام تیل کی رسد متاثر ہونے کے خدشات برقرار رکھے ہیں، جس سے قیمتوں میں مزید کمی محدود رہی۔ مغربی ایشیا میں نئی سفارتی کوششوں سے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات میں ممکنہ پیش رفت کی امید پیدا ہوئی ہے جس کے باعث نکی ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں کمی سامنے آ رہی ہے۔

نئی آٹو پالیسی، تین ماہ کا وقت ملنا چاہئے!

پاکستان کی نئی آٹو پالیسی 2026ء تا 2031ء اور کسٹمز قوانین کے

محمد معاذ قریشی

تحت گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ٹرانسفر (اوزشپ کی تبدیلی) کے حوالے سے سخت پابندیاں اور قوانین متعارف کروائے گئے ہیں۔ ان اقدامات کا بنیادی مقصد مارکیٹ میں گاڑیوں کی بلیک مینوفیکچرنگ، غیر قانونی تجارت، اون منی یا لانڈرنگ مافیا کے اثر و رسوخ کو ختم کرنا بیان کیا جاتا ہے لیکن بہت سے حلقے سوال بھی اٹھا رہے ہیں کہ آیا ایسی پابندیوں کے ذریعے بیان کردہ مقاصد حاصل کیے جاسکیں گے؟

حکومت کی جانب سے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ گاڑی شوروم سے نکلنے سے پہلے اصل خریدار کے نام پر رجسٹرڈ ہونی چاہئے پھر استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کی سکیموں، جیسے گفٹ سکیم اور ٹرانسفر آف ریزیڈنس میں ہونے والی بے ضابطگیوں کو روکنے کیلئے حکومت نے سخت قوانین نافذ کیے ہیں، جیسے گفٹ سکیم یا ٹرانسفر آف ریزیڈنس کے تحت پاکستان منگوائی گئی گاڑی کو امپورٹ کے بعد کم از کم ایک سال تک کسی دوسرے شخص کے نام پر ٹرانسفر کرنے پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔ اس طرح ایک سال کے دوران کسی بھی قسم کے پاور آف اٹارنی، اوپن ٹرانسفر لیٹر یا حلف نامے کے ذریعے گاڑی کی ملکیت تبدیل کرنا قانوناً ناممکن بنا دیا گیا ہے۔ پرسنل بیگیج سکیم کو بھی اب مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔ ملک بھر کے تمام محکمہ اوقاف و ایکسائز نے گاڑیوں کی ٹرانسفر کیلئے نادرا بائیو میٹرک تصدیق کو لازمی قرار دے دیا ہے۔ بیچنے والے اور خریدنے والے دونوں کی موقع پر بائیو میٹرک موجودگی کے بغیر گاڑی کسی دوسرے کے نام منتقل نہیں ہو سکتی۔ ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں گاڑی ٹرانسفر کرنے کیلئے پرانی انٹرائی کا این او سی ہونا لازمی ہے۔

پاکستان میں گاڑیوں کی رجسٹریشن، فروخت اور ٹرانسفر سے متعلق نئی پالیسی کے تحت سامنے آنے والی مبینہ پابندیاں کئی اہم سوالات کو جنم دیتی ہیں۔ امپورٹڈ گاڑیوں کی ایک سال تک فروخت یا ٹرانسفر پر پابندی، کاغذی کارروائی اور حلف ناموں کے طریقہ کار میں تبدیلی، اور پرسنل بیگیج سکیم کے خاتمے جیسے اقدامات براہ راست عوام، آٹو موبائل انڈسٹری، درآمد کنندگان اور گاڑیوں کی خرید و فروخت سے وابستہ کاروباری طبقے کو متاثر کر سکتے ہیں اگر ان اقدامات کا مقصد ٹیکس چوری، غیر قانونی تجارت اور دستاویزی بے ضابطگیوں کا خاتمہ ہے تو ان کے نفاذ میں شفافیت، انصاف اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت دینا ضروری ہے۔

گاڑی خریدنے والا شخص پہلے ہی بھاری ٹیکس، رجسٹریشن فیس اور دیگر اخراجات برداشت کرتا ہے۔ اگر رجسٹریشن کے عمل میں تاخیر، پیچیدہ دستاویزات یا غیر ضروری دفتری رکاوٹیں پیدا ہوئیں تو گاڑی کی ڈیلوری متاثر ہو سکتی ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ رجسٹریشن کا نظام ڈیجیٹل، تیز رفتار اور شفاف بنائے نہ کہ شہریوں کو سہولت دینے کے بجائے ان کیلئے نئی مشکلات پیدا نہ ہوں۔ امپورٹڈ گاڑیوں کی خریداری کے بعد ایک سال تک فروخت یا ٹرانسفر پر پابندی سب سے زیادہ بحث طلب معاملہ ہے اگر اس کا مقصد گاڑیوں کی محض تجارتی بنیادوں پر درآمد، ٹیکس چوری یا غیر قانونی منافع خوری کو روکنا ہے تو کیا پاکستان میں یہ سارے اہداف حاصل ہو سکیں گے؟ کوئی شخص بیرونِ ملک سے گاڑی منگوانے کے بعد اپنی ملازمت، مالی مجبوری، بیرونِ ملک منتقلی یا کسی ہنگامی ضرورت کے باعث اسے فروخت کرنا چاہ سکتا ہے۔ ایسی صورت میں ایک سال کی پابندی اس کیلئے مالی نقصان اور غیر ضروری پریشانی کا سبب بن سکتی ہے۔

بہتر ہو گا کہ قانون میں حقیقی ضرورت کے تحت استثنیٰ، اپیل اور قانونی چارہ جوئی کا واضح طریقہ موجود ہو۔ مبہم قواعد سے بدعنوانی، غیر یقینی صورت حال اور شہریوں کے استحصال کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ پرسنل بیگیج سکیم کے خاتمے کا معاملہ بھی معاشی اور سماجی پہلوؤں سے اہم ہے۔ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں اور ان کے اہلِ خانہ کے لئے گاڑیوں کی درآمد کے موجودہ طریقہ کار میں تبدیلی ان کے مالی فیصلوں کو متاثر کر سکتی ہے۔

آخری گزارش یہ ہے کہ مختلف وجوہ کی بنا پر ملک میں کاروبار کے حالات بہت دگرگوں ہیں، جو گاڑیاں پہلے سے پاکستان لائی جا چکی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کے بائیو میٹرک کہاں سے ملنے ہیں؟ غالباً 2002ء میں جب حکومت نے بائیو میٹرک کا نظام شروع کیا تھا تو پہلے والی گاڑیوں کے بائیو میٹرک نہیں مل رہے تھے تب حکومت نے دو چار ماہ کا وقت دیا تھا کہ جن کی گاڑیاں رجسٹرڈ نہیں ہیں، اس عرصے میں رجسٹرڈ کروالو۔ تب لوگوں نے اس عبوری مدت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے گاڑیاں اپنے نام کروا لی تھیں۔ اب بھی یہی ایشو ہے کہ گاڑیاں لائی جا چکی ہیں، لیکن بائیو میٹرک دستیاب نہیں ہے۔ ضروری ہے کہ اب بھی لوگوں کو وقت دیا جائے کہ وہ اپنی گاڑیاں ایک دفعہ کلیئر کروالیں۔ دوسری بات یہ کہ یہ سب قوانین اس بنیاد پر نافذ کیے گئے تھے کہ حکومت گاڑیوں کی کمرشل درآمدات کھولے گی۔ کمرشل درآمدات کھلنی ہیں تو لوگوں کے نام پر گاڑیاں آئیں گی۔ کمرشل امپورٹ ابھی تک نہیں کھلی اور جو گاڑیاں درآمد کی جا چکی ہیں وہ پرانے طریقے سے پاکستان لائی گئی ہیں۔ نئی گاڑیاں کمرشل امپورٹ بند ہونے کی وجہ سے آئی نہیں اور جو پہلے سے موجود تھیں ان پر نئے قوانین لاگو کیے جا رہے ہیں۔ پھر یہ بھی کہ جو لوگ انفرادی طور پر گاڑیاں منگوا رہے تھے ان کی وہ گاڑیاں کچھ جہازوں میں کھڑی ہیں، کچھ راستے میں ہیں ان کے کاغذات مکمل کیے جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کمرشل درآمدات کھولنی چاہئیں تاکہ آئندہ نئے قوانین کے تحت گاڑیاں درآمد کی جائیں۔

بقیہ 1

الرحمان نے حکومت کے مختلف طرز عمل پر تبصرہ کیا، مولانا فضل الرحمان نے مجھ پر سخی چمپر پھروا دیا، ان کا کہنا تھا کہ پہلے آپ کو ریاست سے پیسے اور سکیورٹی نہیں ملی، یوکے گورنر ہاؤس پہلے چلتے تھے اور بعد میں ملی، یوکے گورنر ہاؤس کو ہم نے تباہ کیا ہے جان بچانے کا کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل نے فٹے منہ مذاکرات کیلئے کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل صلح اور جنگ کے فیصلے کیے تھے، ان کے دور میں ہی ملک میں امن قائم کیلئے ہمیشہ بات چیت کو اہمیت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تبران میں میری معذور بیٹی سے ملاقات ہوئی تھی، تبران میں معابدے پر کوئی بات نہیں ہو رہی تھی، تبران میں میری موجودگی میں کوئی بات نہیں ہوئی تھی، مولانا فضل الرحمان نے اٹھائے گئے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا تھا کہ جو اب وہ سنگین ہوگئے ہیں، تبران میں ہونے والی میٹنگ وزارت دفاع نے نہیں بلکہ وزیر خارجہ نے بلائی تھی جس سے اختلاف نہیں تھا، ہم نے تحفظات کا اظہار کیا، اس کا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا پاکستان کی سیاست میں اہم مقام ہے جس کا احترام کرتے ہیں، اختلافات ہمیشہ سیاست سے متعلق رہے ہیں، اختلافات کبھی ذاتی نہیں ہوئے، ہم نے اختلافات کو ہمیشہ سیاست تک محدود رکھا ہے جس پول رہا ہوں اور ہمیشہ رہے گا، اس کا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ہمارے ذاتی تعلقات ہیں، مجھ پر چوکنہ پیکنگ کیس دوبارہ کھل گیا ہے، مولانا فضل الرحمان نے میرے لحاظ سے تحفظات کا اظہار کیا، اس کا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا پاکستان کی سیاست میں اہم مقام ہے جس کا احترام کرتے ہیں، اختلافات کبھی سیاست کا حصہ ہیں، اختلافات ہمیشہ سیاست تک محدود رہے ہیں، اختلافات کبھی ذاتی نہیں ہوئے، ہم نے اختلافات کو ہمیشہ سیاست تک محدود رکھا ہے جس پول رہا ہوں اور ہمیشہ رہے گا، مولانا فضل الرحمان نے میرے لحاظ سے تحفظات کا اظہار کیا، اس کا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا پاکستان کی سیاست میں اہم مقام ہے جس کا احترام کرت

تھرپارکر ایمبولینس میں سلنڈر دھماکہ، حافظ آباد میں بس کو حادثہ، 14 افراد جاں بحق 44 زخمی

مریضوں کو ایمبولینس میں بٹھایا جارہا تھا تو اسی دوران سلنڈر رفٹ کرتے ہوئے اچانک شدید دھماکہ ہوا اور آگ بھڑک اٹھی، بس کو حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا

دوسرا بڑا حادثہ پنجاب میں حافظ آباد کے قریب فتکی فلائی اوور پر پیش آیا جہاں مسافروں سے بھری ایک بس بے قابو ہو کر قریبی سیم نالے میں جا گری

حافظ آباد، تھرپارکر (جی این ایم) ملک کے مختلف حصوں میں پیش آنے والے دو ہولناک حادثات کے نتیجے میں کم از کم 14 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے، ان دلخراش واقعات نے ایک بار پھر انتظامی غفلت اور سفری حفاظتی اقدامات پر بڑے سوالیہ نشان کھڑے کر دیئے ہیں۔تفصیلات کے مطابق پہلا حادثہ سندھ کے علاقے نگرپارکر کے گاں ڈانو دھانڈل میں بنیادی صحت مرکز کے احاطے میں پیش آیا، جہاں مریضوں کو منتقل کرنے کے لیے کھڑی ایک ایمبولینس میں سلنڈر دھماکہ ہوگیا، ہسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ جب مریضوں کو ریفر کرنے کے لیے ایمبولینس میں بٹھایا جارہا تھا تو اسی دوران سلنڈر رفٹ کرنے کے عمل میں اچانک شدید دھماکہ ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے آگ بھڑک

(بقیہ 27 ندرونی صفحہ 3 پر)



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی اسلحہ لائسنس کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے اسلحہ ڈیلرز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

انگوراڈہ واقعے پر افغان طالبان رجیم کا بیان جھوٹا اور من گھڑت ہے، وزارت اطلاعات

غیر نمائندہ طالبان رجیم اپنے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لے رہی ہے، بیان

اسلام آباد (اے این این) وزارت اطلاعات و نشریات نے انگوراڈہ واقعے پر افغان طالبان رجیم کے بیان کو جھوٹا اور من گھڑت قرار دے دیا۔وزارت اطلاعات ونشریات سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ انگوراڈہ واقعے پر افغان طالبان کا جھوٹا بیانیہ ان کے فریب پر مبنی طرزِ عمل کا عکاس ہے۔وزارت اطلاعات ونشریات کا کہنا ہے کہ افغان طالبان فورسز نے پاکستانی حدود میں شہریوں پر بلا اشتعال فائرنگ، مارٹر گولہ برسائے، طالبان رجیم کی بلا اشتعال فائرنگ بھارتی ہدایات اور پراکسی عناصر کے طے کردہ طریقہ کار کا تسلسل ہے۔پاکستان کی سیکیورٹی فورسز نے افغان طالبان رجیم کے بیان کو جھوٹا اور من گھڑت قرار دے دیا، طالبان کی 7 پوسٹیں تباہ کیں اور افغان طالبان کو بھاری جانی و مالی نقصان کا بھی سامنا کرنا پڑا۔وزارت اطلاعات و نشریات کا کہنا ہے کہ غیر نمائندہ طالبان رجیم اپنے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لے رہی ہے۔وزارت اطلاعات ونشریات نے انگور اڈہ واقعے پر افغان طالبان رجیم کے بیان کو جھوٹا اور من گھڑت قرار دے دیا، طالبان کی 7 پوسٹیں تباہ کیں اور افغان طالبان کو بھاری جانی و مالی نقصان کا بھی سامنا کرنا پڑا۔وزارت اطلاعات و نشریات کا کہنا ہے کہ غیر نمائندہ طالبان رجیم اپنے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لے رہی ہے، بیان

(بقیہ 83 ندرونی صفحہ 3 پر)

کارسرکار میں مداخلت کا کیس، ایمان مزاری اور ہادی علی کو 10، 10 سال قید کی سزا

اسلام آباد (اے این این) انسداد دہشتگردی عدالت نے بیرئیر ہٹانے اور کارسرکار میں مداخلت کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو 10، 10 سال قید کی سزا سنادی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اڈیالہ جیل میں فیصلہ سنایا جس میں ایمان مزاری اور ہادی علی کو 10، 10 سال قید کے ساتھ جرمانے کی سزائیں بھی سنائی گئیں۔ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف 25 اکتوبر 2024 کو مقدمہ

(بقیہ 62 ندرونی صفحہ 3 پر)

پی ٹی اے کا غیر فعال اور منسوخ سمز پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے غیر فعال اور منسوخ شدہ موبائل سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنا شروع کر دیئے۔ پی ٹی اے کے اعلامیہ کے مطابق غیر فعال سمز پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس کے غلط استعمال کا خدشہ ہے، جس کے پیش نظر فراڈ اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے یہ اقدام کیا گیا ہے۔ترجمان پی ٹی اے نے صارفین کو ہدایت کی

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دینے کیلئے تیار ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (اے این این) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا موقع دینے کے لئے تیار ہے۔ایرانی وزیر خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بہادر مسلح افواج وطنِ عزیز کے دفاع کے لئے مکمل طور پر تیار ہیں جبکہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دے رہا ہے، ہم ثالثوں کے ساتھ مسلسل قریبی رابطے میں ہیں تاکہ ایسی تجاویز کا جائزہ لیا جاسکے جن

(بقیہ 46 ندرونی صفحہ 3 پر)

مشرق وسطی میں کشیدگی، توانائی اور خوراک مزید مہنگی ہونے کا خدشہ ہے، عالمی بینک

2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23 فیصد اضافے کا امکان ہے

اسلام آباد (اے این این) مشرق وسطی میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی توانائی کی فراہمی متاثر ہونے اور خوراک سمیت مختلف اجناس کی قیمتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، جبکہ پاکستان میں مالی سال 27-2026 کے دوران کپاس کی پیداوار 6 فیصد کم ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔عالمی بینک کی جانب سے جاری کردہ اجناس کی قیمتوں سے متعلق رپورٹ کموڈیٹی آٹ لک کے مطابق 2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23

(بقیہ 28 ندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع کیچ میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ایک دہشت گرد ہلاک، اسلحہ برآمد

دہشت گردوں نے بولیدہ کے علاقے میں خواتین کو اغوا کرنے کی کوشش کی، سیکیورٹی ذرائع

تربت / کیچ (یو این اے) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں 'آپریشن رد الفتن 3' کے تحت فتنہ الہندوستان کے عناصر کے خلاف پیش قدمی کرتے ہوئے ضلع کیچ کے علاقے میناز میں ایک کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن انجام دیا ہے، جس کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کا ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بولیدہ کے علاقے

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

میونسپل کمیٹی کے بھاری بجٹ، فنڈز اور مشینری کے باوجود شہر گندگی کا ڈھیر بن گیا

تیرہ کروڑ روپے کی اسکیموں اور ماہانہ کنٹی جنسی فنڈز کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ، میر سمیع اللہ خان جمالی

گنداخہ (اے این این) پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ کے صدر میر سمیع اللہ خان جمالی نے ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کی کھلی کچہری میں خطاب کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی گنداخہ کی کارکردگی، صفائی کی ابتر صورتحال، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور ترقیاتی فنڈز کے استعمال پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں آنے والے فنڈز اور مختلف ترقیاتی اسکیموں کی شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔میر سمیع اللہ خان جمالی نے ڈپٹی کمشنر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ میں بھاری بجٹ، وسیع فنڈز اور بیوی مشینری موجود

(بقیہ 36 ندرونی صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد، سیلاب کے طویل عرصے بعد بھی متاثرین کی بحالی کا عمل معطل، رقم کی عدم فراہمی پر شدید تشویش

سروے مکمل ہونے کے باوجود امدادی رقم نہ مل سکی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نوٹس لیں، متاثرین کا مطالبہ

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد سیلاب متاثرین شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں سروے ہونے کے باوجود گھروں کی تعمیر کے لیے رقم کی عدم فراہمی اداروں کی کارکردگی پر سوال اٹھ رہے ہیں سینکڑوں متاثرین غیر سرکاری اداروں اور ڈپٹی کمشنر آفس کے چکر کاٹ کاٹ کر مایوس لوٹ جاتے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان اس جانب فوری نوٹس لے عوامی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق 2020 کے طوفانی بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے ضلع اوستہ محمد شدید تباہی سے دوچار ہو گیا لوگوں کے گھر باہر کھڑی فصلیں مال مویشی تباہ و برباد ہو گئے متاثرین نان شبینہ کے محتاج رہے جبکہ متاثرین کی بحالی کے لیے غیر ملکی ڈونرز اور وفاقی وصوبائی حکومت کی جانب سے متاثرین کے بحالی کے لیے گھروں کی تعمیر کے لیے ہنگامی بنیادوں پر سروے کیے گئے اور رقم کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا

(بقیہ 38 ندرونی صفحہ 3 پر)

کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی جاگیر نہیں، ترقی پر پہلا حق عوام کا ہے، نصیب اللہ مری

چنگیز مری کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا راستہ اختیار کیا ہے اور اس معاملے کو قانونی طریقہ کار کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ یہاں کے وسائل، ترقی اور مستقبل پر سب سے پہلا حق علاقے کے عوام کا ہے۔ میرا مقصد کسی کی ذاتی مخالفت کرنا نہیں بلکہ حقائق کو سامنے لانا ہے۔کوہلو کے عوام بھی صوبے کے دیگر اضلاع کے عوام کی طرح ترقی، روزگار اور بنیادی سہولیات کے یکساں حق دار ہیں۔کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پورے صوبے کے وزیر اعلیٰ ہیں اور ان کی ذمہ داری ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کریں۔ کوہلو بھی بلوچستان کا حصہ ہے اور یہاں کے عوام کو ترقی کے عمل میں شامل کرنا کسی کی ذاتی مخالفت یا سیاسی مداخلت نہیں بلکہ عوامی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا

(بقیہ 44 ندرونی صفحہ 3 پر)

دکی اور قلعہ عبداللہ 2 مختلف واقعات، 6 افراد جاں بحق 20 زخمی

دکی، باراتیوں کی پک اپ الٹنے سے 3 بچیاں جاں بحق، 20 افراد شدید زخمی، زخمیوں کو ہسپتال منتقل، زخمی ہونے والوں میں بھی زیادہ تعداد بچوں اور بچیوں کی ہے

قلعہ عبداللہ، توت اڈہ کی حدود میں فائرنگ سے 3 افراد موقع پر جاں بحق ہوئے لاشیں ٹراما سینٹر میزدئی اڈہ منتقل، ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے

دکی (یو این اے) ضلع دکی کے علاقے رباط میں باراتیوں کو لے جانے والی پک اپ گاڑی حادثے کا شکار ہو کر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں 3 بچیاں موقع پر ہی جاں بحق جبکہ بچوں اور خواتین سمیت 20 افراد زخمی ہو گئے۔پولیس ذرائع کے مطابق افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والی تینوں معصوم بچیاں ہیں، جبکہ زخمی ہونے والوں میں بھی زیادہ تعداد بچوں اور بچیوں کی ہے۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر جاں بحق ہونے والی بچیوں کی لاشوں اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا۔ جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد 2 شدید زخمیوں کو تشویشناک حالت کے پیش نظر لورالائی ہسپتال ریفر کر دیا گیا۔ پولیس کو دیے گئے ابتدائی بیان میں پک اپ

(بقیہ 45 ندرونی صفحہ 3 پر)

ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی پولیس تھانہ سٹی میں پریس کانفرنس کا انعقاد

اندھے قتل، ڈکیتی اور دیگر سنگین مقدمات میں اہم کامیابیاں، متعدد ملزمان گرفتار

تمبو (اے این این) ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر نے آج پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل کی سربراہی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی انسپکٹر عبدالرؤف جمالی، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی محمد انور کھوسہ، انچارج سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر بہادر علی ڈومکی اور ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید ہدایت اللہ کولاچی صدر سب انسپکٹر جاوید احمد کھوسہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سرکل سٹی کے مختلف تھانوں کی حدود میں مشترکہ کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے اندھے قتل، ڈکیتی اور دیگر سنگین مقدمات میں مطلوب متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔اس موقع پر ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل، ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی انسپکٹر عبدالرؤف جمالی، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی محمد انور کھوسہ، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید ہدایت اللہ کولاچی صدر جاوید احمد کھوسہ، انچارج سی آئی اے

(بقیہ 34 ندرونی صفحہ 3 پر)

تعلیم کے فروغ کے لیے خصوصی گرانٹس کی تقسیم خوش آئند اقدام ہے، پروفیسر حلیم صادق

سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر کی تعلیمی بہتری کے لیے کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے ضلع کوئٹہ کے 20 منتخب سرکاری سکولوں میں سکول بہتری منصوبے کے تحت گرانٹ چیکس کی تقسیم کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیم کے فروغ، سرکاری سکولوں میں بنیادی سہولیات کی بہتری اور بچوں کو معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری سکولز ایجوکیشن بلوچستان حاجی لعل جان جعفر کی تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی جانب سے سکولوں کی بہتری، تعلیمی معیار میں اضافے اور سرکاری تعلیمی اداروں کی حوصلہ افزائی کے لیے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔ پروفیسر حلیم صادق نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

بھارتی جیلوں سے رہائی پانیوالے 12 پاکستانی ماہی گیر ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے

لاہور (اے این این) بھارتی جیلوں سے رہائی پانے والے 12 پاکستانی ماہی گیر ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے کردیئے گئے۔ترجمان ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق بھارتی جیلوں سے 8 اور 9 سال قید کاٹنے کے بعد رہائی پانے والے 12 پاکستانی ماہی گیروں کو رینجرز حکام نے ایدھی فاؤنڈیشن لاہور کے حوالے کر دیا، ماہی گیروں کو سمندری حدود کی خلاف ورزی کے الزام میں بھارتی جیلوں میں قید کیا گیا تھا۔ترجمان کا کہنا ہے کہ رہائی پانے والے ماہی گیروں میں محبوب علی، نورالامین، بشیر جاوید، سید غلام مرتضی، کریم، اعظم الدین، نور نبی، امیر حسین

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

24 گھنٹوں میں یمنی فوج کی 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں، 239 حوثی ہلاک یا زخمی

صنعا (آئی این پی) یمنی حکومت کی مسلح افواج نے کہا ہے کہ انہوں نے حوثیوں کے خلاف جاری آپریشن فجر الیمن کے تحت گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حوثی ملیشیا کی عسکری صلاحیتوں کے خلاف 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں کی ہیں جن میں 239 حوثی کمانڈروں اور جنگجوں کو ہلاک یا زخمی کر دیا گیا ہے۔عرب میڈیا کے مطابق مسلح افواج کے ترجمان

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ حکومت کی قانون سازی کا جائزہ لینے کا فیصلہ، کمیٹی تشکیل

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ حکومت کی قانون سازی کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے منظور کردہ 74 قوانین کا جائزہ لیا جائے گا جس کے لیے محکمہ قانون نے قوانین کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی 7 روز میں اپنی سفارشات متعلقہ حکام کو پیش کرے گی،

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

بشریٰ بی بی و پی ٹی آئی رہنماؤں کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں خارج

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے احتجاج سے متعلق مقدمات میں بشریٰ بی بی اور پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنماؤں کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں خارج کردیں۔جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں کی مجموعی طور پر

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

پرانے ملازمین قومی ایئرلائن کا سرمایہ ہیں، ادارہ انہیں دھتکار کر نہ رکھے، وفاقی آئینی عدالت

قومی ایئرلائن انتظامیہ معاملے پر اپنا جامع جواب عدالت میں پیش کرے، ہدایت

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے پی آئی اے کے ریٹائرڈ ملازمین کی طبی سہولیات سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے قومی ایئرلائن کو اپنی خدمات پیش کی ہیں، اس لئے ادارہ اپنے سابق ملازمین کو یوں دھتکار کر نہ رکھے۔ فاضل جج نے واضح کیا کہ اس معاملے کو تکنیکی نکات کے بجائے صرف اور صرف انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دیکھا جانا چاہیے۔حکام اور وکیل سے مکالمے کے دوران عدالت نے میڈیکل سہولت کے ناجائز استعمال کی جانب بھی اشارہ کیا، جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ماضی میں طبی سہولیات کے بے جا اور غلط استعمال نے اداروں کو شدید نقصان پہنچایا اور تباہ کیا، انہوں نے ایک تلخ

(بقیہ 29 ندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بلال خان کاکڑ و دیگر شرکاء کابلو چستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپوری کی لانچنگ تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

غلط چالان پر متعلقہ آفیسران کے خلاف کارروائی ہوگی، ڈی ایس پی ٹریفک

ہمارے ٹریفک نفری کی بھی کمی ہے لیکن پورے کوئٹہ شہر کو کنٹرول کیا ہے

کوئٹہ (اے این این) ڈی ایس پی ٹریفک سجاد آغا نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ٹریفک اصلاحات کے لیے اور ان کو جدید تقاضوں کے مطابق چلانے کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور آئی جی پولیس بلوچستان کے وژن کے مطابق آغاز کرلیا اور اس سلسلے میں عوام ٹریفک کے ساتھ تعاون کریں جہاں ٹریفک کی خامی نظر آئے وہ براہ راست ٹریفک آفس میں شکایت درج کرسکتے ہیں ڈی ایس پی ٹریفک سجاد آغا نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ٹریفک اصلاحات کے لیے اور ان کو جدید تقاضوں کے مطابق جاری لائسنس کا اجراء بھی جدید تقاضوں کے مطابق جاری کریں گے غلط چالان پر متعلقہ افیسران کے خلاف کارروائی ہوگی' یہ بات انہوں نے ٹریفک آفس میں ٹریفک سے متعلق شعور و آگاہی مہم سے متعلق نوجوانوں کے سیمینار اور میڈیا سے خطاب بات چیت

(بقیہ 40 ندرونی صفحہ 3 پر)

28 ویں ترمیم کا مسودہ تیار، چھوٹے صوبوں کا قیام سرفہرست ہے، عمران اسماعیل

بلاول بھٹو سے سوال ہے کیا 27 ویں ترمیم پر آپ سے مشاورت ہوئی تھی؟، گفتگو

کراچی (اے این این) سابق گورنر سندھ اور سینیٹر سیاستدان عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ 28 ویں ترمیم کا وقت قریب ہے، ترمیم کا مسودہ تیار کرلیا گیا ہے، جس میں چھوٹے صوبوں کے قیام کا معاملہ سر فہرست ہے۔ایک انٹرویو میں عمران اسماعیل نے کہا کہ انتظامی یونٹس کس شکل میں ہوں گے، کیسے چلیں گے، پیپلز پارٹی انتظامی یونٹس پر کیسے مانے گی، یہ ایک دلچسپ مرحلہ ہوگا۔انھوں نے کہا ترمیم میں پی ایف سی ایوارڈ کا معاملہ بھی شامل ہے، پیپوں پر جو شخصی اجارہ داری ہے اس کو ختم کرنا ہے۔انھوں نے کہا بلاول بھٹو سے میرا سوال ہے کہ کیا 27 ویں ترمیم پر آپ سے مشاورت ہوئی تھی؟ سیدھا پیپر آیا، سائن کرو اور گھر جاؤ والا معاملہ ہوا تھا، یہی لوگ تھے

(بقیہ 41 ندرونی صفحہ 3 پر)

وزیر اطلاعات کا نیشنل سائبر سیکیورٹی اور سوشل میڈیا آگاہی کونسل قائم کرنے کا اعلان

کارپوریٹ کلچر کے تحت جنریشن زی ماہرین اور فیکٹ چیک میکانزم کی مدد سے جدید ترین پالیسیاں تشکیل دی جا رہی ہیں

ہم نے روایتی طریقے ختم کر کے پاکستان کا پہلا ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ قائم کر دیا، عطاء اللہ تارڑ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے ایک سے دو ہفتوں کے اندر ایک باقاعدہ اور بااختیار نیشنل سائبر سیکیورٹی اور سوشل میڈیا آگاہی کونسل قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔اسلام آباد میں سائبر سیکیورٹی آگاہی ویک کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے تجویز دی کہ اس کونسل میں وفاقی وزارتیں، تمام صوبائی حکومتیں، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے)، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی اے)، سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (سمپرا) اور اقوام متحدہ کا ادارہ برائے ترقی (یو این ڈی پی) شامل ہو سکتے ہیں، جبکہ پی ٹی اے اس کونسل کی قیادت کرے۔کونسل کے قیام کے مقاصد پر بات کرتے ہوئے



کوئٹہ: وکلاء بلوچستان ہائی کورٹ میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخاب کے لئے ووٹ کاسٹ کررہے ہیں

اسرائیلی انتخابات عرب جماعتوں نے چوری کیے، نیتن یاہو کا الزام

نیتن یاہو کی جماعت لیکوڈ کا عرب علاقوں میں ووٹ خریدنے، دھمکیاں دینے اور جعلی ووٹنگ کا دعویٰ

مقبوضہ بیت المقدس (جی این ایم) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے پارلیمانی انتخابات میں اپنے حکومتی اتحاد کو واضح اکثریت نہ ملنے کے بعد عرب سیاسی جماعتوں پر بڑے پیمانے پر انتخابی دھاندلی اور نتائج چوری کرنے کا الزام عائد کردیا ہے۔ان کی جماعت لیکوڈ نے دعوی کیا ہے کہ عرب اکثریتی علاقوں میں ووٹروں کو رشوت دی گئی، انتخابی عملے کو دھمکیاں دی گئیں، جعلی شناختوں پر ووٹ ڈالے گئے اور ووٹروں کو متحرک کرنے کیلئے غیر قانونی سافٹ ویئر استعمال کیا گیا۔ جماعت نے پولیس، داخلی سلامتی کی خفیہ ایجنسی شن بیت اور مرکزی الیکشن کمیٹی سے فوری تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔اسرائیلی اخبار دی ٹائمز آف اسرائیل اور دی یروشلم پوسٹ کی 28 اکتوبر کی رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو کی جماعت لیکوڈ نے بدھ کو ایک سخت بیان جاری کرتے ہوئے الزام لگایا کہ عرب سیاسی جماعتوں نے منظم انتخابی بے ضابطگیوں کے ذریعے نتائج پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی۔نیتن یاہو نے اپنی جماعت کا یہی بیان اپنے سرکاری سوشل میڈیا اکاونٹ ایکس پر بھی شیئر کیا ہے۔تاہم اسرائیلی انتخابی حکام نے ملک گیر یا منظم دھاندلی کی تصدیق نہیں کی اور کہا ہے کہ موصول ہونے والی شکایات کا مقررہ طریقہ کار کے تحت جائزہ لیا جارہا ہے۔لیکوڈ نے اپنے بیان میں عرب سیاسی جماعتوں پر دہشت گردی کی حمایت اور اسرائیل کی یہودی ریاست کی حیثیت ختم کرنے کی کوششوں کا الزام بھی لگایا ہے۔

سعودی عرب اور کویت کا دفاعی شعبے میں تعاون کا اعادہ

ریاض (اے این این) سعودی وزیرِ دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السالم الصباح سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے جس میں دونوں رہنماؤں نے دفاعی تعاون اور خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔سعودی وزیر دفاع نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ اس گفتگو کے دوران سعودر انہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا۔

تعلیمی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے، رانا مشہود

بیجنگ (یو این اے) وزیر اعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائے پی) کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے فنی و پیشہ ورانہ تعلیم، تکنیکی تربیت اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے تاکہ نوجوانوں کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کیے جاسکیں۔ بیلٹ اینڈ روڈ انٹرنیشنل انڈسٹری ایجوکیشن کوآپریشن فورم سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے، صنعتی ترقی اور مشترکہ معاشی خوشحالی کے فروغ کے لیے بین

افغانستان میں پوست کی فصل کی کاشت اس سال چار گنا سے بھی زیادہ

کابل (جی این ایم) اقوام متحدہ کی طرف سے جمعرات 29 اکتوبر کے روز بتایا گیا کہ کابل میں طالبان حکومت کی طرف سے عائد کردہ پابندی کے باوجود افغانستان میں پوست کی کاشت کے لیے استعمال کردہ زرعی رقبہ اس سال بڑھ کر چار گنا سے بھی زیادہ ہوگیا۔افغان دارالحکومت کابل سے موصولہ رپورٹوں کے مطابق اقوام متحدہ کی طرف سے بتایا گیا کہ ہندوکش کی اس ریاست میں کسانوں کی طرف سے افیون کی پیداوار کے لیے پوست کی کاشت کے لیے زیر استعمال رقبہ 2026 میں اس لیے چار گنا سے بھی زیادہ ہوگیا کہ انتہائی حد تک غربت کا شکار افغان کسان مجبورا اپنے لیے مالی طور پر زیادہ پرکشش فصلوں کی مسلسل تلاش میں رہنے لگے ہیں۔عالمی ادارے کے منشیات اور جرائم کی روک تھام کے دفتر یو این او ڈی سی (UNODC) کی جاری کردہ

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

گنداخہ، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کی زیر صدارت کھلی کچہری، عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری

عوامی شکایات پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، افسران فرائض دیانت داری سے سرانجام دیں، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال

گنداخہ (یو این اے) عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تحصیل گنداخہ میں ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی زیر نگرانی گورنمنٹ بائیز سیکنڈری اسکول گنداخہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں، علاقائی عمائدین اور مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر عوام نے پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، سڑکوں کی خستہ حالی، امن وامان کی صورتحال، زرعی پانی کی قلت، بجلی کی عدم فراہمی اور دیگر بنیادی مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا، جن کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ضروری احکامات جاری کیے

کوئٹہ: وکلاء بلوچستان ہائی کورٹ میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخاب کے لئے ووٹ کاسٹ کررہے ہیں

صوبائی وزیر فیصل جمالی سے میئر اوستہ محمد مظفر جمالی کی ملاقات

بلدیاتی ادارے جمہوریت کے ماتھے کا جھومر ہیں، ملازمین کو مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و ڈیری